نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی 10 مئی 2026 تک ادائیگی یقینی بنائیں اور بذریعہ قرعہ اندازی بیش قیمت انعامات حاصل کرنے کا موقع پائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:06 مئی 2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے تیسرے مرحلے کے بل کی ادائیگی کا عمل جاری ہے۔کاشتکار اپنے ذمہ واجب الادا کسان کارڈ کے بل کی 10 مئی 2026 تک ادائیگی یقینی بنائیں اور بذریعہ قرعہ اندازی بیش قیمت انعامات جیتنے کا موقع پائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے بل کی ادائیگی کے بعد 24 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو اگلے بلاسود زرعی قرضہ کی رقم اُن کے کسان کارڈ میں کریڈٹ کر دی جاتی ہے۔قبل ازیں،25 اپریل 2026 تک کسان کارڈ کی ادائیگی کرنے والے کاشتکاروں کو بذریعہ قرعہ اندازی ٹریکٹر سمیت دیگر انعامات دیئے جا چکے ہیں

☆☆☆☆